© rasailojaraid.com



# ’’تحفظ حقوق نسواں بل‘‘ اور علماء کمیٹی

مولانا قاری محمد حنیف جالندھری
ناظم اعلیٰ وفاق المدارس العربیہ پاکستان

چھ ستمبر کا دن تھا جب بندہ اسلام آباد میں ایک سیمینار میں شریک تھا، معاً اس دوران قومی اسمبلی کے قائد حزب اختلاف مولانا فضل الرحمٰن صاحب کا فون موصول ہوا کہ اس وقت ان کے چیمبر کے اندر پاکستان مسلم لیگ کے سربراہ چودھری شجاعت حسین صاحب بمعہ رفقاء اور وزراء اور وہ مجلس عمل کے زعماء کے ہمراہ موجود ہیں۔ ہمارے درمیان حدود آرڈیننس میں ترامیم پر مشتمل ’’تحفظ حقوق نسواں بل‘‘ اور اس پر ہمارے تحفظات زیر بحث ہیں۔ مولانا صاحب نے کہا کہ انہوں نے چودھری شجاعت حسین صاحب کو تجویز پیش کی ہے کہ مذکورہ بل کے بارے میں ہمارے تحفظات اور تجاویز کو وہ یہ کہہ کر مسترد کر دیتے ہیں کہ آپ کا اس میں کوئی سیاسی مفاد پوشیدہ ہے، تو کیوں نہ ایسے غیر سیاسی علماء کی ایک کمیٹی تشکیل دی جائے جن پر فریقین کا اعتماد ہو اور ان سے اس بارے میں رائے لی جائے۔ چنانچہ انہوں نے اس تجویز سے اتفاق کیا ہے، اس لیے آپ اس سلسلے میں دوسرے علماء سے رابطہ کریں۔

تھوڑی دیر بعد چودھری شجاعت حسین صاحب نے بھی فون کر کے یہی بات دہرائی جس کے نتیجے میں ’’تحفظ حقوق نسواں بل‘‘ پر غور وخوض کے لیے چند علماء پر مشتمل ایک کمیٹی تشکیل دے دی گئی، جس میں احقر کے علاوہ مولانا مفتی محمد تقی عثمانی صاحب، مولانا مفتی منیب الرحمٰن صاحب، مولانا حسن جان صاحب، مولانا مفتی غلام الرحمٰن صاحب، ڈاکٹر سرفراز نعیمی صاحب، مولانا زاہد الراشدی صاحب شامل تھے۔ چنانچہ میں نے فوراً مذکورہ علماء سے رابطہ کر کے انہیں اسلام آباد آنے کی درخواست کی۔ حضرت مولانا مفتی محمد تقی عثمانی صاحب مدظلہم کے سوا تمام اراکین اسی روز 7 بجے شام تک اسلام آباد پہنچ گئے اور 9 بجے شب پارلیمنٹ ہاؤس اسلام آباد میں اجلاس شروع ہوا جس میں حکومت کی طرف سے چودھری شجاعت حسین صاحب، سردار نصر اللہ دریشک صاحب، وفاقی وزیر قانون وصی ظفر صاحب، وفاقی وزیر اطلاعات نشریات محمد علی درانی صاحب اور سیکریٹری قانون کے علاوہ چند ارکان اسمبلی شریک تھے جبکہ متحدہ مجلس عمل کے مولانا عبدالمالک صاحب، مولانا سید نصیب علی شاہ صاحب اور اسد اللہ بھٹو صاحب بھی موجود تھے۔ اجلاس میں ہم سب اراکین علماء کمیٹی نے اس بات پر اتفاق کیا ہے کہ مذکورہ بل چونکہ 4 ستمبر کو سلیکٹ کمیٹی نے حتمی طور پر اسمبلی میں پیش کیا

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

اس دوران ہم نے جو چیز شدت کے ساتھ محسوس کی وہ یہ کہ مذکورہ بل میں عورتوں کے حقوق کے تحفظ کے بارے میں تو کوئی خاص بات نہیں، البتہ پروپیگنڈہ زیادہ ہے۔ یہ بل جیسا کہ نام سے ظاہر ہے ''تحفظ حقوق نسواں'' اسم بامسمّٰی نہیں ہے۔ اس لیے کہ یہ معاشرے کی فرد ضعیف مظلوم و مجبور جنس ''عورت'' کے حقوق کا قطعاً احاطہ نہیں کرتا، چنانچہ ہم نے اس سلسلے میں اوپر مذکور جو سفارشات پیش کیں ہیں وہ نہ صرف یہ کہ عورت کو اس کے جائز حقوق دلانے میں ممد و معاون ثابت ہوں گے بلکہ اسے انصاف اور معاشرے میں عزت کا مقام دلانے میں اہم کردار ادا کریں گے۔ چنانچہ جب ہم نے یہ سفارشات صدر پرویز مشرف صاحب کو پیش کیں تو انہوں نے اس پر مسرت کا اظہار کیا اور کہا کہ وہ ان سفارشات کو اپنے غیر ملکی دورے میں ساتھ رکھیں گے تاکہ وہ دنیا کو بتائیں کہ جن لوگوں پر تم انتہا پسندی اور عورتوں کے حقوق غصب کرنے کا الزام لگاتے ہو وہ قطعاً درست نہیں بلکہ انہوں نے تو عورتوں کے حقوق کے لیے یہ یہ سفارشات پیش کیں ہیں۔

الحمدللہ! علماء کمیٹی نے نہایت عرق ریزی اور محنت سے کام کیا اور اس بل کو غیر اسلامی باتوں سے پاک کرنے اور عورتوں کے حقیقی مسائل اور ان کے حقوق کے تحفظ کے لیے انتہائی جانفشانی سے کام کیا تاکہ اللہ کے ہاں اپنے ذمہ سے بری ہو سکیں اور ان لوگوں کے سامنے سرخرو ہوں جنہوں نے علماء پر اعتماد کیا ہے۔ بل پر وسیع تر اتفاق رائے پیدا کرنے کے لیے علماء کمیٹی نے متحدہ قومی موومنٹ کے ایک اعلیٰ سطحی وفد سے بھی تبادلۂ خیال کیا۔ قوم میں جو ایک عرصے سے حدود آرڈیننس میں ترامیم کے حوالے سے تقسیم نظر آرہی تھی اور ملک ایک بحران میں داخل ہونے کو تھا، ان حالات میں علماء نے قوم کا شیرازہ بکھرنے سے بچانے اور انہیں یکجا کرنے کے لیے مندرجہ بالا اقدام اٹھائے ہیں۔ امید ہے کہ اگر ان کو اپنایا گیا اور بل میں انہیں جگہ دی گئی تو اس حوالے سے تمام مسائل ختم ہو جائیں گے۔

اس ساری کارروائی میں چودھری شجاعت حسین صاحب اور وزیر اعلیٰ چودھری پرویز الٰہی صاحب نے نمایاں کردار ادا کیا، جنہوں نے بل پر اتفاق رائے پیدا کرنے، قوم کو انتشار سے بچانے اور سب سے بڑھ کر یہ کہ بل سے غیر اسلامی مواد کو نکالنے کی خاطر نہایت دور اندیشی کا ثبوت دیا اور قومی اسمبلی کو ایک بحران سے بچایا۔ اسی طرح قائد حزب اختلاف حضرت مولانا فضل الرحمٰن صاحب کا کردار بھی بہت اہم اور قابل ستائش رہا۔ آخر میں ایک مرتبہ پھر حزب اقتدار اور حزب اختلاف سے دست بستہ گزارش کروں گا کہ وہ مذکورہ مسئلے کو سیاسی یا اپنی انا کا مسئلہ قطعاً نہ بنائیں بلکہ اسے ایک دینی ذمہ داری اور معاشرتی اصلاح کی ایک کاوش سمجھ کر اس کی حمایت کریں۔

☆......☆......☆


© rasailojaraid.com